SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
November 24, 2023

ایس ای سی پی نے نیو ہیم پشائر انشورنس کمپنی پاکستان برانچ کی رجسٹریشن منسوخ کردی

اسلام آباد(24 نومبر)سکیورٹیزاینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے انشورنس آرڈیننس 2000 کے سیکشن 9 کے ذیلی سیکشن (2) کے تحت میسرز نیو ہیم پشائر انشورنس کمپنی کی پاکستان برانچ کی بطور بیمہ کنندہ رجسٹریشن منسوخ کردی ہے۔

یہ رجسٹریشن سندھ ہائی کورٹ کی جانب سے کمپنی کی اسکیم آف اریجمنٹ کی منظوری کی روشنی میں منسوخ کی گئی ہے۔عدالت عالیہ نے پاکستان میں میسرز نیو ہیم پشائر انشورنس کمپنی کا پوراانڈرٹیکنگ ٹی پی ایل کو منتقل کردیا گیا تھا۔انشورنس لمیٹڈ میسرز نیو ہیمپشائر انشورنس کمپنی، پاکستان برانچ،اب پاکستان میں انشورنس کے کاروبار کو آگے بڑھانے کی مجاز نہیں ہے،اوراس کے ذریعے کی جانے والی کوئی بھی کاروباری سرگرمی یااس کے ذریعے ہونے والی کوئی ذمہ داری TPL انشورنس لمیٹڈ کے ذریعے ادا کی جائے گی۔

پالیسی ہولڈرز کواطلاع دی جاتی ہے کہ وہ نیو ہیم پشائر انشورنس کمپنی کی پاکستان برانچ سے اپنی انشورنس پالیسیوں سے متعلق کسی بھی کے دعوے یاواجبات کے لیے ٹی پی ایل انشورنس کے ساتھ رابطہ کریں۔اس سلسلے میں ایس ای سی پی نے انشورنس آرڈیننس 2000 کے سیکشن 10 کی ذیلی دفعہ (1) کے مطابق نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005